www.understnadquran.com

سبق-3: رَبُّهٗ، رَبُّهُمْ…

گرامر: ہم نے اس سے پہلے کے سبق میں "وہ، وہ سب، آپ، میں، آپ سب، اور ہم سب" کے لیے عربی الفاظ سیکھے تھے، اب ہم "اس کا، ان سب کا، آپ کا، میرا، آپ سب کا اور ہمارا" کے لیے عربی الفاظ سیکھیں گے، عربی میں یہ الفاظ (ـهٗ، ـهُمْ، ـكَ، ـي، ـكُمْ، ـنَا) ہمیشہ کسی لفظ کے ساتھ جڑ کر آتے ہیں اس لیے ان کا گننا مشکل ہے، اور یہ قرآن مجید کی تقریباً ہر لائن میں پائے جاتے ہیں، یعنی تقریباً 10ہزار بار۔ ان کو TPI کے طریقے سے پورے شوق کے ساتھ سیکھیے۔

اس کا، ان کا…	
ـهٗ	اس کا
ـهُمْ	ان سب کا
ـكَ	آپ کا
ـي	میرا
ـكُمْ	آپ سب کا
ـنَا	ہم سب کا

رَبّ… + (ـهٗ، ـهُمْ،…)	
رَبُّهٗ	اس کا رب
رَبُّهُمْ	ان سب کا رب
رَبُّكَ	آپ کا رب
رَبِّي	میرا رب
رَبُّكُمْ	آپ سب کا رب
رَبُّنَا	ہم سب کا رب

مَنْ رَبُّهٗ؟ — رَبُّهٗ اللهُ.
مَنْ رَبُّهُمْ؟ — رَبُّهُمُ اللهُ.
مَنْ رَبُّكَ؟ ← رَبِّيَ اللهُ.
مَنْ رَبُّكُمْ؟ ← رَبُّنَا اللهُ.

بعض مرتبہ بولتے وقت آسانی کے لیے رَبُّهٗ کے بجائے رَبِّهٖ کا بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح رَبُّهُمْ کے بجائے رَبِّهِمْ کا۔

اس سبق میں ـكَ، ـي، ـكُمْ، ـنَا (آپ کا، میرا، آپ سب کا، ہمارا) کو خاص طور سے یاد رکھیے:

مثلاً دِيْنُكَ: آپ کا دین، دِيْنِيْ: میرا دین

نئے لفظ یاد رکھیے کو مَا؟ کیا

اب سوال و جواب کی پریکٹس کیجیے:

مَا دِيْنُكَ؟ (کیا ہے دین آپ کا؟) — دِيْنِيَ الْإِسْلَام. (میرا دین اسلام ہے)

مَا دِيْنُكُمْ؟ (کیا ہے دین آپ سب کا؟) — دِيْنُنَا الْإِسْلَام. (ہم سب کا دین اسلام ہے)